PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 3284**
**Date: 10 September, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 141st, 142nd ,143rd , 144th , 145th ,146th, 147th, 148th, 149th and 150th groups as at Annexure-II will be taken-up on 11th ,14th ,15th ,18th ,21st ,22nd ,25th ,28th ,29th September and 2nd October 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non-receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 141st | Friday 11th September, 2026 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 142nd | Monday 14th September, 2026 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 143rd | Tuesday 15th September, 2026 | • Agriculture<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Transport and Mass Transit<br>• Public Health Engineering |
| 144th | Friday 18th September, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Human Resource Management Department<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 145th | Monday 21st September, 2026 | • Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |
| 146th | Tuesday 22nd September, 2026 | • Finance<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 147th | Friday 25th September, 2026 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 148th | Monday 28th September, 2026 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Transport and Mass Transit<br>• Public Health Engineering |
| 149th | Tuesday 29th September, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Human Resource Management Department<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 150th | Friday 2nd October, 2026 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 141واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:30 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 2076**
**Sent to Dept Date:** Mar 18, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی حکومت مستحق خاندانوں میں رمضان پیکج یا نقد رقوم تقسیم کرے گی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) تو وضاحت دی جائے کہ اس سال رمضان پیکج کس فارمولے اور طریقہ کار کے تحت تقسیم ہو گا؟

(ii) اس پورے عمل کو کس طرح شفاف بنایا جائے گا اس کے لیے کیا حکمت عملی ترتیب دی گئی ہے؟

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 03:05 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2152**
**Sent to Dept Date:** Jul 15, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں آپریشن متاثرین کے لیے راشن اور امدادی سامان کی تقسیم کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حالیہ امدادی سامان کی خریداری اور تقسیم کس طریقہ کار کے تحت کی گئی اور اس کے کنٹریکٹس کن کو دیے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 03:06 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2198**
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں حالیہ آپریشن سے متاثرہ آئی ڈی پیز کے لیے مختلف امدادی پیکجز جاری کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت کی جائے کہ کتنے متاثرین کو نقد مالی امداد، راشن اور دیگر اشیاء فراہم کی گئیں، نیز یہ امداد کس طریقہ کار کے تحت دی گئی؟ متاثرین کی بمعہ امداد مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Apr 27, 2026 -- 01:00 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2140**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر نے گزشتہ سال مارکیٹنگ کی مد میں تقریباً تیس کروڑ روپے خرچ کیے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس مارکیٹنگ کے نتیجے میں حاصل ہونے والی آمدنی اور دیگر فوائد کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مارکیٹنگ پر خرچ کی گئی تیس کروڑ روپے کی رقم کن کن مدات میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 05, 2026 -- 10:01 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 2179**
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے سوات کے 675 معذور افراد کے لیے ماہانہ پانچ ہزار روپے وظیفہ مقرر کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جن 675 معذور افراد نے وظیفہ وصول کیا ہے ان کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر بمعہ یونین کونسل، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 18, 2026 -- 03:45 PM - Thu
**Question # 2192** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سماجی بہبود خیبر پختونخوا نے گڈ گورننس روڈ میپ (Good Governance Roadmap) کے تحت بیواؤں اور یتیم بچوں کی مالی معاونت کے لیے "سہارا کارڈ" اور "روشن مستقبل کارڈ" پروگرام متعارف کرائے ہیں؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ پروگرامز کا آغاز کس سال کیا گیا، مستحقین کو مالی امداد کی فراہمی کب شروع کی گئی، اور سہارا کارڈ و روشن مستقبل کارڈ کے تحت فی مستحق ماہانہ کتنی مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے؟

(ii) خیبر پختونخوا کے کن کن اضلاع میں سہارا کارڈ اور روشن مستقبل کارڈ پروگرامز پر عملدرآمد کیا گیا ہے؟ ضلع وار مستحقین کی تعداد اور اب تک فراہم کی گئی مالی معاونت کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2026 -- 04:41 PM - Tue
**Question # 2184** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Honorable Minister for Irrigation state that:

(a) What are the reasons that farmers continue to face water shortages, low irrigation efficiency and inefficient canal systems despite an allocation of approximately Rs. 45.5 billion during FY 2025-26 and a further increase in the allocation for FY 2026-27? Complete details be given.

(b) What measurable improvements have, so far, been achieved in:

(i) water conservation;
(ii) canal modernization; and
(iii) crop yields?

(c) What steps has the Government taken, so far, to accelerate the adoption of modern irrigation practices with a view to enhancing agricultural productivity and increasing farmers' income? Complete details be provided.

**Notice Date :** Jul 24, 2026 -- 11:40 AM - Fri
**Question # 2191** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
جناب منیر حسین صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کاغان ویلی، تحصیل بالاکوٹ، ضلع مانسہرہ کے سیاحتی علاقے سے گزشتہ تین مالی سالوں کے دوران مختلف ٹیکسز کی مد میں حکومت کو ریونیو حاصل ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مدت کے دوران حاصل ہونے والے ریونیو میں سے سیاحت کے فروغ کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی اور اس میں سے کتنی رقم کہاں کہاں پر خرچ کی گئی؟ مختص اور خرچ شدہ رقم کی سال وار اور مد وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا142واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:57 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1369**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:59 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1378**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں بشمول سوات میں سیلاب کی وجہ سے سکولوں کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سوات میں سکولوں کی تعمیر کا کام کب شروع ہو گا اور کب مکمل ہو جائے گا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:34 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1551**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے فعال ہیں اور ان منصوبوں کی پیداواری صلاحیت کیا ہے؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں؟ نیز ان منصوبوں کی پیداواری صلاحت کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:21 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1452**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف کیٹگیری کے سکول موجود ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں تمام سکولوں کی تعداد بلحاظ درجہ مکمل تفصیل یونین کونسل وائز فراہم کی جائے نیز ان سکولوں میں اساتذہ کی تعداد، طلباء کی تعداد اور تعلیمی سہولیات وسرگرمیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:22 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1444**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کی مختلف تحصیلوں یعنی تحصیل پروا، درابن، پہاڑپور اور پنیالہ میں تعلیمی بورڈ کے سب آفس بنائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی باقی دو تحصیلوں بشمول تحصیل کلاچی اور تحصیل درازندہ میں ڈیرہ تعلیمی بورڈ باقی تحصیلوں کی طرح سب آفس کیوں نہیں بنا رہا۔ وجوہات بیان کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:16 PM - Mon
**Question # 1438**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوامیں بالعموم اور ضلع بنوں میں بالخصوص نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں مختلف آسامیوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)ضلع بنوں میں نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟اوراس میں موجود پوسٹیں کون کون سی ہیں ۔پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیاان منظور شدہ پوسٹوں میں TT(تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ شامل ہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:17 PM - Mon
**Question # 1469**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ بنوں میں موجود ہائیر سیکنڈری سکول بنوں ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات بھی موجود تھے؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ ہر کلاس روم کے دروازے پرایک کتبہ لگاہوا تھا جس پراُس وقت کے ہندو کانام درج تھا؟

(د) اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)اس وقت یہ نوادرات کہاں اور کس کے پاس ہیں؟

(ii)سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبوں کی تعداد کتنی تھی اوراب کتبے کہاں اور کس کے پاس ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:01 AM - Tue
**Question # 1441**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)سال 2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنافنڈز مختص کیاگیا تھا؟اس میں کتناجاری اور کتناخرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:02 AM - Tue
**Question # 1456**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیاوزیرِابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے سال 2019ء سے 2024ء تک PK-95اور PK-96میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، اور ہائی سے ہائیر سیکنڈری میں اپ گریڈ کیاہے؟اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:23 AM - Tue
**Question # 1466**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ٹوپی میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول برائے گرلز اور بوائز کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں کون کون سے سٹاف کی کمی ہے؟ میل اور فی میل سٹاف کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز سٹاف کی کمی کب تک پوری کردی جائے گی؟

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:29 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1461
Sent to Dept Date: Sep 05, 2025 - Fri
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں ہر سال نویں، دسویں، گیارویں اور بارویں کلاس کے سالانہ اور سپلیمنٹری امتحانات منعقد ہوتے ہیں؟ جن میں سکولوں کے اساتذہ ڈیوٹیاں سرانجام دیتے ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی دینے والے اساتذہ کو اپنی تنخواہ کے علاوہ معقول معاوضہ بھی دیا جاتا ہے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ امتحانات اکثر سکولوں کی پڑھائی کے دنوں میں منعقد ہوتے ہیں؟ جس سے طلباء کا قیمتی وقت پڑھائی کئے بغیر گزر جاتا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت طلباء کی پڑھائی کے اوقات کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ii) سکولوں اور کالجوں میں امتحانات کی ڈیوٹی کی وجہ سے اساتذہ کی غیر حاضری یا کمی کو کیسے یا کس طریقہ کار کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے؟

(iii) حکومت امتحانات میں صرف اساتذہ کی ڈیوٹی لگانے کے بجائے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:33 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1618
Sent to Dept Date: Dec 08, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ سکول کا نام اور جگہ کا نام بتایا جائے۔

(ب) مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ج) تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائز اور ٹوٹل فراہم کی جائے؟

(د) موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائے اور شرح خواندگی کا کیا تناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:56 AM - Tue
Question # 1522 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly

Will the Minister for food state that :
(a)What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

Notice Date : Jun 30, 2026 -- 02:12 PM - Tue
سوال نمبرQuestion # 2164
Sent to Dept Date: Jul 27, 2026 - Mon
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے نوٹیفکیشن نمبر SO(U-I)HED/7-5/GU-DIK/26 مورخہ 23 جون 2026 کے ذریعے گومل یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو تین ماہ کی جبری رخصت پر بھیجا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اقدام کی وجوہات کیا ہیں؟ اس سلسلے میں اختیار کردہ قانونی وانتظامی بنیاد، متعلقہ قواعد، اور حکومت کے فیصلے کے محرکات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) کیا حکومت نے وائس چانسلر کی رخصت کے دوران گومل یونیورسٹی کے انتظامی و تعلیمی امور، امتحانات، تدریسی سرگرمیوں اور طلبہ کے تعلیمی مفادات کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے کوئی متبادل انتظامات کیے ہیں؟ اگر ہاں، تو ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 08, 2026 -- 12:01 PM - Wed
**Question # 2159**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri
محترمہ نابیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں کئی سکول جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود ان میں تاحال تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوضلع پشاور میں ایسے تمام سکولوں کی تعداد، مقام اور ہر سکول پر صرف شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 23, 2026 -- 12:16 PM - Thu
**Question # 2190**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
محترمہ نابیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیےاقدامات اٹھارہی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوصوبہ بھر، بالخصوص ضلع پشاور میں خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت کی جانب سے کیاعملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 143 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 15 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:30 PM – Mon
**Question # 1388** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Agriculture state that:.

(a) It is true that the department enacted laws / acts from time to time related to the department / attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copy of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:

(c) is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:36 PM – Mon
**Question # 1552** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ کی میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ نیلام شدہ پلاٹوں کی رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈیرہ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی کی خریداری سمیت اُس کے دفتر کی تزئین وآرائش بھی کی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم سے نئی گاڑی کی خریداری اور دفتر کی تزئین وآرائش کے لئے رقم کی ادائیگیا ل کس کے حکم پر کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:31 AM – Wed
**Question # 1715** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 23-2022، 24-2023 اور 25-2024 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر و بحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے تحصیل ہری پور کے لیے کتنا فنڈز مختص کیا گیا، کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت اور مقام کی تفصیل علیحدہ سال وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:01 PM - Thu
**Question # 1869** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا حیات آباد کے رہائشی علاقوں میں نکاسی آب کے لیے بچھائی گئی پائپ لائنیں فیزیبیلٹی رپورٹ کے مطابق مقررہ سائز کی ہیں؟

(ب) فیزیبیلٹی رپورٹ یا پی سی ون میں ڈرینج پائپ لائنز کا کون سا سٹینڈرڈ سائز منظور کیا گیا تھا؟

(ج) کیا موجودہ تعمیرات میں وہی منظور شدہ سائز استعمال ہو رہا ہے یا اس میں کوئی تبدیلی کی گئی ہے؟ اگر تبدیلی کی گئی ہے تو کن وجوہات کی بنیاد پر کی جا رہی ہے؟

(د) کیا موجودہ پائپ لائن سائز حالیہ بارشوں کی شدت اور مقدار کے مطابق مؤثر نکاسی آب کی صلاحیت رکھتی ہے؟ بارش کے دوران بار بار پانی گھروں میں داخل ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ کیا اس مسئلے کی بنیادی وجہ پائپ لائنز کا غیر موزوں سائز ہے؟

(ذ) کیا کسی ماہر انجینئرنگ ادارے سے موجودہ ڈرینج سسٹم کی صلاحیت اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا ہے؟ اگر ہاں تو اس کی رپورٹ کی کاپی مہیا کی جائے؟

(ر) مستقبل میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے کیا اقدامات تجویز کیے گئے ہیں۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:59 PM - Wed
**Question # 1880** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت صوبے میں کسانوں کی ترقی کے لیے مختلف مالی معاونتی اسکیمیں متعارف کراتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ کی جانب سے گزشتہ تین برسوں کے دوران ضلع لوئر کوہستان کے کسانوں کو دی گئی سبسڈیز اور مالی مراعات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:41 PM - Fri
**Question # 2000** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ہری پور میں پبلک سیکرٹریٹ کے پیچھے لیڈیز پارک بنایا گیا ہے اس میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟ ان کے نام، پتہ، عرصہ تعیناتی اور اب کہاں کہاں پر ڈیوٹی دے رہے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) کیا مذکورہ پارک میں جم اور پارلر کی سہولت دی جائے گی؟ اور کب تک دی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:26 AM - Mon
**Question # 1959** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور میں کل کتنا سولڈ ویسٹ پیدا ہوتا ہے؟ نیز کیا WSSP کی اتنی Capacity ہے کہ پشاور میں پیدا ہونے والا تمام سولڈ ویسٹ کو اٹھا سکے؟

(ب) WSSP تقریباً کتنا سولڈ ویسٹ روزانہ کی بنیاد پر اٹھاتی ہے اور حکومت WSSP کی استعداد کو بڑھانے کے لیے کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:27 AM - Mon
**Question # 1974** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

پشاور میں اس وقت کتنی سیوریج لائنیں ایسی ہیں جو 30 سال پرانی ہیں؟

مذکورہ سیوریج لائنوں کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جاری مالی سال میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 04:35 PM - Mon
**Question # 2033** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کسانوں کی ترقی کے تربیت کا انعقاد کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 20225-2024 میں ضلع کوہستان میں کسانوں کی تربیت اور (Farmer Field Schools Training Sessions) کی تفصیل آگاہی پروگرام کتنے ہوئے، کتنے کسانوں نے شرکت کی اور کیا نتائج حاصل ہوئے؟ تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 12:50 PM - Wed
**Question # 2189** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سابقہ دورِ حکومت (2013 تا 2018) میں خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کے اجرا کا اعلان کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کن کن اضلاع میں یہ بسیں فراہم کی گئیں؟ نیز کیا ان اضلاع میں یہ سروس فی الحال فعال ہے؟

(ii) اگر مذکورہ اضلاع میں سروس فعال نہیں ہے تو اس کی وجوہات تفصیل کے ساتھ بیان کی جائیں۔

(iii) جن اضلاع میں سروس بند کی گئی، وہاں کی بسیں اس وقت کہاں موجود ہیں اور کن مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:31 AM - Wed
**Question # 2181**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مختلف بی آر ٹی اسٹیشنز پر تجارتی مراکز اور کمرشل اسپیس مختص کی جا چکی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بھی بتائیں کہ

(i) ان مارکیٹس میں سے کتنی مارکیٹس لیز پر دی جا چکی ہیں اور کتنی تا حال خالی ہیں؟

(ii) یہ لیز کس کو دی گئی ہیں اور کس طریقہ کار کے مطابق الاٹ کی گئی ہیں؟

**Notice Date :** May 04, 2026 -- 06:00 PM - Mon
**Question # 2180**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2025 سے تا حال TMA خار باجوڑ نے خار میں کہاں کہاں پر کتنے ترقیاتی کام کیئے ہیں؟

(ب) مذکورہ تمام مکمل/زیرِ تعمیر پراجیکٹس کی فہرست، تخمینہ لاگت، کام کی نوعیت، اخراجات اور ٹینڈرز کی کاپی سمیت تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 12, 2026 -- 11:00 AM - Tue
**Question # 2182**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 28, 2026 - Tue
جناب محمد اقبال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ زراعت نے سوائل کنزرویشن اور آن فارم واٹر مینجمنٹ کے تحت ضلع شمالی وزیرستان میں زراعت کی ترقی کے لئے مختلف منصوبے شروع کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

i. گزشتہ تین سالوں کے دوران مکمل شدہ اور جاری منصوبوں کے نام، نوعیت، تخمینہ لاگت، اور فنڈنگ سورس کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ii. مذکورہ تمام منصوبوں کی موجودہ حیثیت، متعلقہ کنٹریکٹرز، فزیکل اور فنانشل پراگریس، نیز ہر منصوبے کے درست کوآرڈینیٹس، بشمول موضع/گاؤں، یونین کونسل، تحصیل، اور سائٹ کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 14, 2026 -- 02:27 PM - Tue
**Question # 2187**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ضلع ایبٹ آباد میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے جائزہ (Feasibility) سکیم پر کام کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) کیا کاکول اپر کینٹونمنٹ ایریا کے لیے بھی کوئی سکیم زیر غور ہے؟

(ii) جائزہ سکیم پر اب تک ہونے والی پیش رفت، پانی کی شدید قلت سے متاثرہ علاقوں، اور نئی سکیموں کی منصوبہ بندی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2026 -- 11:03 AM - Thu
**Question # 2204**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2026 - Fri
محترمہ ناہیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ لائیوسٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹوازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے مالی سال 27-2026 کے بجٹ میں لائیوسٹاک بریڈنگ فارمز کے قیام، ترقی اور انتظام وانصرام کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ بھر میں قائم لائیوسٹاک بریڈنگ فارمز کی کل تعداد، مقامِ وقوع، سالانہ اخراجات، سالانہ آمدن اور مالی سال 2026 تا 2027 میں ہر فارم کے لیے مختص فنڈز کی فارم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ان بریڈنگ فارمز سے حاصل شدہ دودھ مارکیٹ میں کس طریقہ کار کے تحت فروخت کیا جاتا ہے؟ فارم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا144واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 18 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:24 PM - Mon
**Question # 1447**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں سے ہوٹل مالکان ایک دن کی کمرے کا کرایہ تقریباً50 ہزار روپے تک وصول کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ سے متعلق حکومت کا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؟

(ii) سیاحتی مقامات پر ہوٹلوں کا کم از کم کرایہ فی کمرہ یومیہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:10 PM - Mon
**Question # 1419**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mr Adnan Khan, Member Provincial Assembly**
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے ایم ایس ڈی سیکٹر (Multi Sectoral Development) کے لئے مختص کئے جانے والے سالانہ اربوں روپے محکمہ سو فیصد خرچ نہیں کرتا جبکہ ان میں سے زیادہ تر حصہ وقتاً فوقتاً دوسرے سکٹرز کو re-appropriate کیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پچھلے 5 سالوں میں MSD سیکٹر کی ان پراجیکٹس میں مختص کی گئی، خرچ کی گئی اور دوسرے سیکٹرز کو re-appropriate کی گئی رقم کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:11 PM - Mon
**Question # 1420**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی کے پاس ایسے پروجیکٹس ہیں جن میں پی ایم یو (Project Management Unit) ہیں اور باقاعدہ پروجیکٹ سٹاف کے ذریعے چلائے جارہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان میں بھرتی ہونے والے سٹاف کی تفصیل اور بھرتی کا طریقہ کار بتائے اور نیز گاڑیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:54 PM - Mon
**Question # 1669**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محکمہ انتظام انسانی وسائل ازراہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2021ء سے اب تک کمشنر ہزارہ ڈویژن اور اس کے ماتحت عملہ کو تنخواہوں اور غیر تنخواہوں کے مد میں کتنا فنڈ ملا ہے؟ اسکی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے نیز ان فنڈز کے سالانہ اخراجات کی بھی تفصیل دی جائے؟

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:41 PM - Wed
**Question # 2013**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 09, 2026 - Fri
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے 2020 تا 2025 مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا منصوبوں میں سے کچھ کو شروع اور مکمل کرنے میں تاخیر بھی ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

i)مذکورہ سالوں میں صوبائی ترقیاتی پروگرام کے تحت منصوبوں اور حاصل شدہ غیر ملکی فنڈ ڈپراجیکٹس کا مکمل تفصیلی ریکارڈ مہیا کیا جائے۔

ii)منصوبوں میں تاخیر کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:47 PM - Wed
**Question # 1877**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں موجودہ پولیس تھانہ جات ضلع بھر کے لیے ناکافی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں کتنے نئے پولیس اسٹیشن کے قیام زیر غور ہیں؟اور اگر نہیں ہیں تو اس تاخیر کے ذمہ داران کون ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:34 PM - Fri
**Question # 2001**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا صوبائی وزیرِ صحت از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ٹراما سنٹر ہری پور میں کلاس فور سے لے کر ڈاکٹرز تک کتنے ملازمین تعینات ہیں؟ان کے نام،عہدہ،سکیل،پتہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)ٹراما سنٹر میں کتنی سرکاری ایمبولینسز موجود ہیں اور ان کے ساتھ کتنے ڈرائیور تعینات ہیں؟نیز پرائیویٹ ایمبولینس گاڑیوں کی تعداد کی بھی تفصیل دی جائے۔

(ج)کیا سرکاری ملازمین کے علاوہ پرائیویٹ ایمبولینس کے ڈرائیوروں کو پرچیاں لکھنے کی اجازت ہے؟اگر نہیں تو ٹراما سنٹر ہری پور میں ان پرائیویٹ لوگوں سے کیوں اور کس کے حکم سے کام لیا جارہا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:36 PM - Fri
**Question # 1883**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی پالیسی اور مذہبی روایات کے مطابق کسی بھی فی میل کا آپریشن یا پوسٹ مارٹم فی میل سٹاف اور لیڈی ڈاکٹر ہی کر سکتی ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ ٹراما سنٹر ضلع ہری پور میں فی میل کا پوسٹ مارٹم یا آپریشن ڈاکٹر حضرات کرتے ہیں؟بلکہ اس روم میں میل حضرات کا داخلہ بھی ممنوع ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)مذکورہ ٹراما سنٹر میں فی میل کا آپریشن یا پوسٹ مارٹم میل سٹاف کیوں رہا ہے؟کیا قانون کے مطابق انکے خلاف کوئی کاروائی کی جائے گی۔

(ii)نائٹ ڈیوٹی پہ فیمیل مریض کے ساتھ میل حضرات مریض کا شوہر یا بھائی اندر لیڈی ڈاکٹر کو بیماری کے بارے میں بتانے کے لیے کیوں نہیں چھوڑا جاتا؟

**Notice Date :** Dec 09, 2025 -- 09:46 AM - Tue
**Question # 1918**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 18, 2025 - Thu
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبہ کے مختلف ہسپتالوں میں بچوں کی پیدائش کا ریکارڈ محفوظ کرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i)مذکورہ ریکارڈ کیسے محفوظ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟تفصیل فراہم کرے

(ii)گزشتہ سال صوبے میں پیدا ہونے والے بچوں کی ماہانہ تعداد کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:44 PM - Wed
**Question # 1925**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ اینٹی ریبیز ویکسین اور ریبیز امیون گلوبلین انجیکشن کی سہولت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے اور بالخصوص پشاور کے کن کن سرکاری ہسپتالوں میں یہ ویکسین اور آر۔ائی۔جی انجیکشن دستیاب ہے ؟اور کیا یہ سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:45 PM - Wed
**Question # 1924**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹی پی اے انجیکشن جو کہ فالج اٹیک کے فوری بعد لگوایا جاتا ہے صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں موجود ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے اور بالخصوص پشاور کے کن کن سرکاری ہسپتالوں میں یہ سہولت موجود ہے اور کیا یہ سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:20 AM - Mon
**Question # 1931**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت میں مختلف آسامیوں پر اقلیتوں کے لیے کوٹہ مختص ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) مذکورہ کوٹہ کس تناسب سے مختص کیا گیا ہے؟ اور کوٹہ کے مطابق تمام آسامیوں پر تعیناتیاں مکمل ہو چکی ہیں؟

(iii) اقلیتی کوٹہ کے مطابق فی الوقت کتنی آسامیاں خالی پڑی ہوں گی؟ مذکورہ خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کریں

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:03 PM - Tue
**Question # 1943**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) موجودہ حکومت نے صحت کے مد میں ضلع خیبر کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا اس میں کتنا فنڈ جاری ہوا اور تا حال کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:07 PM - Tue
**Question # 1950**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل تاجوال، ضلع ایبٹ آباد چھانگلہ گلی کرکٹ گراؤنڈ کی زمین محکمہ جنگلات کے ریکارڈ کے مطابق "جنگلات کے لئے مختص" زمین کے زمرے میں آتی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تاحال اس زمین کا ڈی نوٹیفکیشن بھی موجود نہیں اور نہ ہی لیز یا کمرشل سرگرمی کی اجازت دی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا GDA اس زمین کی کمرشل لیز یا فروخت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟۔ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:09 PM - Tue
**Question # 1951**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل تاجوال میں برطانوی دور کا واکنگ ٹریک، گالف گراؤنڈ اور دیگر تاریخی آثار موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دہائیوں سے یہ مقام وہاں کی عوام کھیل اور چراگاہوں کے طور استعمال پر کرتی آرہی ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس مقام پر کمرشل سرگرمیاں ماحولیاتی اور فاریسٹ قوانین کے خلاف ہے؟

(د) اگر (الف)،(ب) اور (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس تاریخی ورثے کی تحفظ کے لیے محکمہ ہذا نے کون کون سے اقدامات اٹھائے ہیں اور کون کون سے اٹھانے کا ارادہ رکھتا ہے؟ الگ الگ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 22, 2025 -- 12:00 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1971**
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور کے تین بڑے ہسپتالوں سمیت بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور ایبٹ آباد کے بڑے سرکاری ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبّی آلات کی فراہمی محکمہ صحت کے منظور شدہ طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) ان ہسپتالوں میں دوائیوں سمیت طبّی آلات کی خریداری، ذخیرہ اور تقسیم کی مکمل تفصیل ہسپتال وار فراہم کی جائیں۔

(ii) درج بالا صوبے کے بڑے سرکاری ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبّی آلات کی فراہمی کیلئے مریضوں کی سالانہ و یومیہ تعداد، دستیاب بیڈ کی تعداد، فعال شعبہ جات (ایمرجنسی، او پی ڈی، آئی سی یو) وغیرہ کی مکمل تفصیل ہسپتال وار مہیا کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 145 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 28, 2025 -- 03:10 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1694**
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دریائے سوات میں سرکاری زمینوں پر غیر قانونی قبضے اور آبادی کی گزشتہ تین سالوں کی رپورٹ تیار کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:32 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1706**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں شوگر ملز کی وجہ سے مقامی آب پاش/زیر زمین پانی (groundwater) میں آلودگی یا سطح آب (water table) میں تبدیلی کی شواہد ملے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو ضلع بھر کے متاثرہ دیہاتوں میں بیماریوں/صحت کے مسائل وغیرہ کے تدارک کے لیے محکمہ ہذا نے شوگر ملز مالکان کو کن کن عملی اقدامات کا پابند کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:33 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1705**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا محکمہ ہذا کے پاس ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود تمام شوگر ملز کی فہرست اور ان کے آپریشنل لائسنس/ماحولیاتی اجازت نامے موجود ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر شوگر مل کا نام معہ آپریشنل لائسنس/اجازت نامہ نمبر، جاری کرنے کی تاریخ اور میعاد اختتام فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 11:00 AM - Thu
سوال نمبر**Question # 2012**
**Sent to Dept Date:** Jan 08, 2026 - Thu
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 22 ستمبر 2013 کو آل سینٹس چرچ پشاور کوہاٹی گیٹ میں 2 بم دھماکے ہوئے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان دھماکوں میں زخمیوں اور شہداء کے لیے انڈونمنٹ فنڈ قائم کیا گیا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس فنڈ سے اب تک کتنے لوگوں کو مدد فراہم کی گئی ہے؟ نام، ولدیت، پتہ اور شناختی کارڈ نمبر کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:51 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1866**
**Sent to Dept Date:** Oct 13, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلے دور حکومت میں محکمہ اوقاف کی زرعی زمینیں لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ بھی بتایا جائے کہ وہ زمینیں کن افراد/اداروں کو کتنی اور کس قیمت پر دی گئیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:06 PM - Wed
**Question # 1945**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تمبا کو خیبر پختونخوا کی واحد نقد آور فصل ہے، جس پر صوبائی اور وفاقی سطح پر زیادہ ٹیکس عائد کیے گئے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں کی نقد آور فصلوں، مثلاً سندھ میں چاول، پنجاب میں گنا اور بلوچستان میں پھلوں پر اس نوعیت کے زیادہ ٹیکس عائد نہیں کیے گئے ؟

(ج) اگر حصے (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو براہِ کرم وضاحت فرمائیں کہ :

1۔ کیا اس پالیسی کو خیبر پختونخوا کے کاشتکاروں کے ساتھ امتیازی سلوک تصور نہیں کیا جا سکتا؟

2۔ کیا حکومت اس ضمن میں ٹیکس پالیسی کو دیگر صوبوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے اور کاشتکاروں کو مساوی سہولیات دینے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:31 PM - Fri
**Question # 1998**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) ضلع ہری پور کے سروس ڈیلیوری سنٹر میں فی الوقت کل کتنا عملہ تعینات ہے؟ سکیل 1 سے سکیل 18 تک پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ سنٹر میں کتنے کمپیوٹرز اور کمپیوٹر آپریٹرز موجود ہیں، عوامی سہولت کے لیے کتنی ونڈوز کھلی رکھی جاتی ہیں اور کس وقت تک فعال رہتی ہیں؟

نیز کیا ان کی تعداد بڑھانے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:33 PM - Fri
**Question # 1888**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 22, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) ضلع ہری پور کے سروس ڈیلیوری سنٹر میں اب تک کتنے موضع جات (Mauzas) اپلیٹو کیے جا چکے ہیں اور کتنے تاحال باقی ہیں؟ نیز باقی موضع جات کو کب تک اپلیٹو کیے جانے کا امکان ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اس نئی سروس کے ذریعے اب تک کتنے انتقالات مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیرِ تکمیل یا زیرِ تجویز ہیں؟

(ج) محکمہ کو اس سنٹر کے ذریعے اب تک ٹیکسز یا فیس کی مد میں کتنی آمدن حاصل ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) مذکورہ سنٹر میں روزانہ کی بنیاد پر کتنے ٹوکنز جاری کیے جاتے ہیں؟ نیز یکم جون 2025ء سے تاحال جاری کردہ ٹوکنز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2025 -- 10:32 AM - Fri
**Question # 1992**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کمشنر کوہاٹ کی زیر نگرانی حال ہی میں ایک جونیئر کلرک کو تحصیلدار کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ :

1- مذکورہ جونیئر کلرک کو تحصیلدار کے عہدے پر کس قانون اور کس مجاز اتھارٹی کے احکامات کے تحت تعینات کیا گیا؟ نیز تحصیلدار کی تعیناتی کے لیے کون سا قانونی طریقہ کار یا ضابطہ موجود ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

2- ضلع کوہاٹ میں تعینات تمام تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کیڈر افسران کی مکمل تفصیل بمعہ عہدہ اور مقام تعیناتی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2025 -- 11:02 AM - Tue
**Question # 1902**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 09, 2025 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ صنعت و حرفت و فنی تعلیم نے ضم شدہ اضلاع میں فنی تعلیم سے متعلق سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم ضم شدہ اضلاع میں گزشتہ تین (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل، بالخصوص ضلع خیبر کے حوالے سے مکمل معلومات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:40 PM - Wed
**Question # 1921** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع خیبر کے علاقہ تیراہ میدن میں قیمتی جنگلات موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ہذا نے تیراہ میدان میں موجود قیمتی جنگلات کی حفاظت کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:08 PM - Tue
**Question # 1989** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چھانگلہ گلی کرکٹ گراؤنڈ U/C تاجوال ایبٹ آباد کو محکمہ جنگلات کے اراضی کے درمیان GDA کا علیحدہ ٹکڑا اراضی ظاہر کیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ GDA کو اس ٹکڑا اراضی کی منتقلی کے کوئی قانونی احکامات / منظوری بھی نہیں دی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا محکمہ جنگلات نے اس معاملے کے خلاف کوئی قانونی اقدامات کیے ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 11:53 AM - Fri
**Question # 2078** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 27, 2026 - Fri
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے محکمہ مال و املاک ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام غیر استعمال شدہ دستی اسٹامپ پیپرز پر پابندی عائد کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس کی وجوہات کیا ہیں، کیا نئے ای اسٹامپ پیپرز کے اجرا کے لیے اکاؤنٹس افسران کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے؟

(ii) عام شہری کے لیے ای اسٹامپ پیپرز کے حصول اور استعمال کا قانونی طریقہ کار کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 03:05 PM - Wed
**Question # 2085** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2026 - Tue
**جناب ارشد علی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع چارسدہ میں محکمہ اوقاف کی زمین موجود ہے؟ اور یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ زمین مختلف محکموں اور عوام کے زیر استعمال ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ زمین میں کچھ حصہ زرعی زمین پر کچھ حصے پر سرکاری عمارتیں اور دکانوں مشتمل ہے

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) مذکورہ زمین کا کل رقبہ کتنا ہے اور کن کن محکموں / اشخاص کے زیر استعمال ہے او چارسدہ میں کہاں کہاں پر واقع ہے

(ii) دکانات اور زرعی زمین جس کے پاس ہیں ان کے نام بمعہ لوکیشن کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:39 PM - Mon
**Question # 2145** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 13, 2026 - Mon
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے کی برآمدات میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنا اضافہ یا کمی ہوئی ہے؟ اور اس عرصے میں کون کون سی اشیاء برآمد کی جارہی ہیں؟

(ب) مقامی تاجروں کو درپیش بڑے مسائل کیا ہیں؟ اور ان کے حل کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:42 PM - Mon
**Question # 2141سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2026 - Thu
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ٹیکنکل تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے لیے جاب پلیسمنٹ یا انٹرن شپ پروگرامز کی کیا صورت حال ہے؟

(ب) خواتین کے لیے فنی تعلیم میں شرکت بڑھانے کے لیے کیا خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) سرکاری اور نجی اداروں کے درمیان اسکلز ڈیویلپمنٹ کے لیے اشتراک موجود ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 146 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 22 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:58 AM - Tue
**Question # 1568** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل/نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج/نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:34 PM - Thu
**Question # 1904** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 26, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوۃ عشر سماجی بہبود و حقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خواتین، مردوں، بچوں اور اقلیتوں پر تشدد میں اضافہ ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت اس سلسلے میں کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 04, 2026 -- 10:46 AM - Mon
**Question # 2196** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ احساس نوجوان پروگرام کے تحت بینک آف خیبر نوجوانوں کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ اسکیم کے لئے بینک آف خیبر نے کتنا فنڈ مختص کیا ہے اور اب تک کتنے نوجوانوں کو قرضے فراہم کئے جا چکے ہیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 04, 2026 -- 10:47 AM - Mon
**Question # 2197** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وزیر اعظم اپنا گھر سکیم کے لیے بینک آف خیبر صوبے بھر کے اپنے مخصوص برانچوں میں سہولت دے رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) بتایا جائے کہ ضلع لکی مروت کے کل کتنے برانچوں میں یہ سہولت دی جا رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیا ایسے اضلاع بھی موجود ہیں جہاں یہ سہولت میسر نہیں ہے؟ وضاحت کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 147 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 25 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1368** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ہر ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:26 PM - Mon
**Question # 1432** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ھری پور اور ضلع ایبٹ آباد میں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل وہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو!

(i) مذکورہ اضلاع میں کتنے اور کہاں کہاں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں۔ تمام سکولوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ حکومت نے کتنے گرلز سکولز کہاں کہاں تعمیر کئے ہیں اور مذید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:39 PM - Mon
**Question # 1545** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز وکتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:41 PM - Mon
**Question # 1579** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 – Fri
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Higher education Archives and Libraries state that:.

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:27 PM - Mon
**Question # 1443**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی کے 115 تحصیل درازندہ اور کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان میں بیشتر سکولوں میں اساتذہ تعینات نہیں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو:

(i) تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی کے کتنے اسکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے؟، تمام سکولوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) خالی پوسٹوں پر اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے محکمہ کیا اقدامات اٹھا رہا ہے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:18 PM - Mon
**Question # 1436**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں ڈی ای او فی میل نے غیر قانونی طور پر بڑے پیمانے پر جبری ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کو بھیجا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جبری ریٹائرمنٹ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کتنی فی میل ٹیچرز کو اور کن وجوہات کی بنا پر جبری ریٹائرمنٹ دی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دورافتادہ اور مرج ایریا میں پہلے سے فی میل اساتذہ کی کمی ہے پھر اتنے بڑے پیمانے پر فی میل اساتذہ کو کیوں جبری ریٹائرمنٹ دی گئی وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:10 AM - Tue
**Question # 1500**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ،

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ ڈائریکٹر IM Science کو نگران حکومت کے دوران مقرر کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ڈائریکٹر IM Sciences کی تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii)) آیا نگران حکومت ڈائریکٹر کی تقرری کر سکتی تھی؟

(iii) تقرری کے لیے قانونی تقاضے پورے کیے گئے ہیں؟ تمام تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:00 AM - Tue
**Question # 1597**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں؟ نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) وزٹنگ پروفیسر / لیکچررز، فکسڈ پے یا کنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:03 AM - Tue
**Question # 1537**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غربا اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:30 AM - Wed
**Question # 1736**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو تحصیل ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے اور کہاں کہاں پر پرائمری، مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:34 AM - Wed
**Question # 1741**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد کم تھی۔ان سکولوں کو بند کیا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے سکولز بند کئے گئے ہیں؟ بمہ سکول نام کے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:50 PM - Mon
**Question # 1785**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد کے کتنے سرکاری سکولوں میں کلاس فور کی آسامیاں خالی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i)ان خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکومت نے اب تک کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ii)یہ آسامیاں کب تک پر کی جائیں گی تاکہ سکولوں کے تدریسی وانتظامی امور متاثر نہ ہوں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:51 PM - Mon
**Question # 1792**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ،ارکائیوز اور کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت نے ڈگری کالجز اور یونیورسٹیوں کو آؤٹ سورس کرنے کی پالیسی اپنائی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوں تو:

(i)حکومت آؤٹ سورس کے باوجود تمام اخراجات برداشت کرے گی تو نجی شعبے کو ذمہ داری دینے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

(ii)حکومت کے پاس موجودہ ڈگری کالجز اور یونیورسٹیوں کو مضبوط بنانے کے لیے کتنے مالی اور انتظامی وسائل دستیاب ہیں، اور انہیں براہِ راست فراہم کرنے کا منصوبہ کیا ہے؟

(iii)آؤٹ سورس ہونے کے بعد لیکچررز، پروفیسرز اور دیگر عملے کی ملازمتیں اور مستقبل کیسے محفوظ کیے جائیں گے؟

(iv)حکومت نے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی اداروں کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے کیا اقدامات تجویز کیے ہیں؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:04 PM - Mon
**Question # 1784**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ تعلیمی سہولیات کو دور دراز علاقوں تک بڑھانے کے لیے حکومت ڈبل شفٹ سکول سسٹم شروع کر چکی ہے یا کرنے والی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو کیا اس کے لیے نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔اس کا کیا طریقہ کار ہے؟اور اگر بھرتی ہو گئے ہیں۔ تو اس کی تفصیلات فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 03, 2025 -- 02:31 PM - Wed
**Question # 1775**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں 2024 سے لیکر تاحال کتنے نئے سکول بنے اور کتنے سکول Upgrade ہوئے؟ تمام سکولوں کی تحصیل وار تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع بھر میں نئے سکول بننے والے اور Upgrade ہونے والے سکولوں کیلئے کیا کسوٹی (Criteria) رکھی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2025 -- 04:06 PM - Thu
**Question # 1829**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرک میں اس وقت کل کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ب) کرد شریف اور شاہ نکی میں کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ج) اگر ان علاقوں میں لڑکیوں کے لیے کوئی سرکاری سکول موجود نہیں، تو کیا حکومت کی جانب سے وہاں گرلز سکول قائم کرنے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ اگر ہے، تو اس کی موجودہ حیثیت اور ممکنہ تکمیل کی مدت کیا ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا148واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 28 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:37 PM - Mon
**Question # 1553** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2023-24 اور 2024-25 کے دوران صوبائی حکومت نے ہر حلقہ کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں فنڈز جاری کئے تھے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) کس طریقہ کار کے تحت صوبائی حلقوں کو فنڈز جاری کئے؟ تمام حلقوں کو جاری شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کرے۔

(ii) حلقہ PK-112 ڈیرہ اسماعیل خان کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟ اور اس مد میں مذکورہ حلقے کا کتنا فنڈ بقایا ہے؟

(iii) متعلقہ حلقہ میں کہاں اور کن علاقوں کے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی؟ تمام ٹرانسفارمرز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:03 PM - Mon
**Question # 1397** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:28 AM - Mon
**Question # 2017** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات میں عوامی شکایات کے اندراج/وصولی کا باقاعدہ نظام موجود ہے؟

(ب) اگر سوال (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ سال کے دوران کل کتنے شکایات موصول ہوئیں کتنے شکایات کا ازالہ کیا گیا اور کتنے شکایات زیرِ التواء ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 02:45 PM - Wed
**Question # 2034** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ (Solid Waste Management (WSSCM&Water Supply, Sanitation کے تحت ضلع مردان میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس قائم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس پر آنے والے بجلی، آپریشن، مرمت اور عملے کے اخراجات کن ذرائع اور کس مد سے پورے کیے جا رہے ہیں؟ نیز کیا اس مقصد کے لیے کوئی مستقل فنڈنگ میکنزم موجود ہے یا نہیں؟

(ii) کیا WSSCM کے پاس ادارہ جاتی، فنی اور انتظامی صلاحیت موجود ہے کہ وہ ان واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کو مستقل اور مؤثر انداز میں چلا سکیں گے؟ اگر نہیں، تو حکومت نے اس ضمن میں کیا متبادل انتظام کیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)ٹریٹ شدہ پانی کے معیار کی باقاعدہ جانچ(Water Quality Testing) کس ادارے کے ذریعے کی جاتی ہے،اور اس کی رپورٹس کہاں جمع کروائی جارہی ہیں؟

(iv)اگر کسی وجہ سے کوئی واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ غیر فعال ہو جائے یا بند رہے تو اس کی ذمہ داری کس افسر یا ادارے پر عائد ہو گی؟

(v) کیا اس حوالے سے کوئی تحریری SOP یا جوابدہی(Accountability) کا باقاعدہ نظام موجود ہے؟ اگر ہے تو اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 20, 2026 -- 04:30 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2040**
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
جناب ارباب محمد وسیم خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلے سال 13 نومبر 2025ء کو شائع ہونے والا ٹینڈر جو ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے ڈویژن خیبر کی جانب سے 38 ترقیاتی کاموں کے لیے طلب کیا گیا تھا۔ اور اس کا باقاعدہ ٹینڈر پروسس ایک دن میں مکمل کیا گیا ہے یا نہیں؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) آیا مذکورہ ٹینڈر میں "Below" کے بجائے "Above" کو ترجیح دی گئی ہے اور پورا ٹینڈر پروسس رولز کے برعکس مکمل کیا گیا؟ اگر ایسا ہے تو اس کی وجوہات اور ذمہ داران کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 22, 2026 -- 04:20 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 2056**
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ مواصلات و تعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) موجودہ حکومت نے مالی سال 2025-26 میں R)Fund&Repair (M&Maintenance کے تحت کتنی رقم مختص کی ہے تاکہ خیبر پختونخوا کے عوامی بنیادی ڈھانچے کی مناسب دیکھ بھال اور مرمت کو یقینی بنایا جاسکے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) کیا موجودہ مالی سال کے لیے مختص کی گئی رقم گزشتہ مالی سالوں کے مقابلے میں بڑھائی گئی ہے؟ اگر ہاں تو اضافہ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز حکومت نے مذکورہ فنڈ کے مؤثر استعمال، شفافیت، جوابدہی اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ii) موجودہ مالی سال کے دوران ایم اینڈ آر فنڈ کے تحت کتنے منصوبوں پر کام کیا گیا؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 27, 2026 -- 04:33 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2063**
**Sent to Dept Date:** Feb 18, 2026 - Wed
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لائیو سٹاک اور ماہی پروری ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ھٰذا نے گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنے جانوروں کے قبل از ذبح(Ante-mortem) و بعد از ذبح(Post-mortem) معائنے، ذبح خانوں کے معائنے اور دودھ، گوشت، فیڈ اجزاء و دیگر مال مویشی مصنوعات کے لیبارٹری تجزیے کئے ہیں؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 03:39 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2062**
**Sent to Dept Date:** Feb 18, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ یہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز جاری ہوئے اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 03:40 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2061**
**Sent to Dept Date:** Feb 20, 2026 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 06:21 PM - Mon
**Question # 2069**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 17, 2026 - Tue
محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی (BRT) کے عملے کی تنخواہیں اس منصوبے کی اپنی آمدنی سے پوری نہیں ہو رہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ بی آر ٹی عملے کی تنخواہیں کس مد سے ادا کی جا رہی ہیں؟ اس بابت تفصیلی معلومات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 06:22 PM - Mon
**Question # 2067**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 30, 2026 - Thu
محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی (BRT) سروس کی اپنی آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے صوبائی حکومت سالانہ سبسڈی فراہم کر رہی ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

کیا صوبائی حکومت کسی مخصوص ضلع کے لیے انفرادی طور پر سبسڈی فراہم کر سکتی ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 04, 2026 -- 11:00 AM - Wed
**Question # 2068**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 30, 2026 - Thu
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ زو پشاور (BRT) ٹرمینلز اور بسوں پر نجی کمپنیوں کے اشتہارات اور پرنٹ آویزاں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) اب تک زو پشاور چلانے والے متعلقہ ادارے کو اشتہارات کی مد میں کتنی رقم موصول ہو چکی ہے؟

(ii) ان اشتہارات کی الاٹمنٹ کا طریقہ کار کیا ہے اور تمام بسوں اور ٹرمینلز کے لیے اشتہارات کے ریٹس یکساں ہیں یا مختلف؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 11:52 AM - Fri
**Question # 2095**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں لوکل گورنمنٹ کمیشن قائم کیا جا چکا ہے؟

(ب) اگر شق (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) لوکل گورنمنٹ کمیشن کے اراکین کی تعداد نیز گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اس کمیشن کے پاس کتنے کیسز آئے؟ ان میں سے کتنے کیسز نمٹائے جا چکے ہیں اور کتنے کیسز زیرِ التوا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 03:33 PM - Fri
**Question # 2098**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، انتخابات ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مری روڈ، ایبٹ آباد پر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے کھمبے نصب کیے گئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کھمبوں میں تاحال لائٹس نصب نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ روڈ پر نصب شدہ کھمبوں میں سٹریٹ لائٹس کب تک فعال ہوں گی تاکہ مری روڈ روشن اور محفوظ بنایا جاسکے؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 10, 2026 -- 04:51 PM - Tue
**Question # 2097**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے خار باجوڑ میں اس وقت کل کتنے ملازمین مستقل بنیادوں پر فرائض انجام دے رہے ہیں ؟ان تمام ملازمین کے نام، پتہ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ کی نقل، عہدہ، بی پی ایس اور موجودہ تعیناتی کی جگہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ ٹی ایم اے میں اس وقت کل کتنے ڈیلی ویجز ملازمین کام کر رہے ہیں اور کن کن آسامیوں پر تعینات ہیں اور کہاں کہاں ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں ؟ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:27 AM - Wed
**Question # 2073**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 26, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کے دیہاتوں میں صاف پینے کے پانی کی شدید قلت ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے گزشتہ تین سالوں میں پینے کے پانی کے لیے کتنے ٹیوب ویل لگائے ہیں ؟

(ii) ضلع بھر میں مزید کتنے ٹیوب ویلز کی کہاں اور کس یونین کونسل میں ضرورت ہے ؟ نیز محکمہ ان مطلوبہ ٹیوب ویلز کی ضرورت کب تک پورا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 149 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 29 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:12 PM - Mon
**Question # 1421**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پی اینڈ ڈی میں سرکاری گاڑیاں موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ گاڑیوں میں کتنی گاڑیاں کرنٹ بجٹ سے خریدیگئی ہیں اور کتنی گاڑیاں پراجیکٹس کے فنڈ سے خریدی گئی ہیں؟ آیا مذکورہ گاڑیاں محکمہ انتظامیہ کی ریکارڈ پر موجود ہیں؟

(ii) مذکورہ گاڑیوں پر پٹرول اور مرمت کی مدّ میں کرنٹ اور پراجیکٹس بجٹ سے ماہانہ کتنا خرچہ ہو رہا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:13 PM - Mon
**Question # 1430**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ انتظام انسانی وسائل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریاز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بی پی ایس۔17 اور اس سے اوپر کے کتنے افسران کو صوبے کے مختلف سرکاری محکموں میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے؟

(ب) اگر الف کا اثبات میں ہو تو:

(i) تو مذکورہ افسران کی تعداد بتائی جائے۔

(ii) مذکوزہ افسران کے نام، عہدہ اور جس محکمہ میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے اس کا نام اور ان کی سینیارٹی لسٹ فراہم کیا جائے نیز واضح کیا جائے کہ یہ ایڈجسٹمنٹ کس قانون کے تحت کی گئی ہے۔

(iii) کیا یہ ایڈجسمنٹ محکمہ کے موجودہ سروس رولز کے مطابق کی گئی ہے اور قواعد/پالیسی کے تحت کوئی ایسا انتظام ہے جہاں کسی ملازم کو اس عہدے پر ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے۔ جس کے لیے سروس رولز میں بیان کردہ پوزیشن کی اہلیت ملازم کی ابتدائی اہلیت سے مختلف ہو؟ اگر ہاں تو قواعد کا ذکر کریں۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:01 PM - Thu
**Question # 1799**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی (KPCTA) میں بی پی ایس۔16 اور بی پی ایس۔17 کی آسامیوں پر ایسے افسران تعینات ہیں جن کی تعلیمی قابلیت صرف میٹرک یا ایف اے تک محدود ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ ان آسامیوں پر تعیناتی کے لیے تعلیمی قابلیت کی کم سے کم شرط کیا مقرر ہے؟

2۔ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کے باوجود ایسے افسران کو ترقی دے کر بی پی ایس۔18 تک کیسے پہنچایا گیا؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

3۔ ان افسران کی تعیناتی کس کی منظوری سے عمل میں آئی اور تا حال ان کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کیوں نہیں کی جا سکی؟ اسکی وضاحت فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:48 PM - Wed
**Question # 1887**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں موجود پولیس اسٹیشنزاور نفری ضلع کے لیے ناکافی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں کتنے پولیس تھانے اور نفری کی کل تعداد کتنی ہے؟ اور ان کی پوسٹنگ ضلع کوہستان لوئر میں کہاں کہاں پر ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) نیز آیا ضلع لوئر کوہستان میں نئے پولیس تھانہ جات اور پولیس نفری میں اضافے کی تجویز زیر غور ہے؟ اور اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں۔۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:49 PM - Wed
**Question # 1964**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہستان لوئر اور کولئی پالس اضلاع کے جیل اور پولیس لائنز کے لئے متعدد بار فنڈز مختص کیے گئے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وہ فنڈز اصل مقصد کے لیے استعمال کیوں نہیں ہوئے اور مذکورہ فنڈز کہاں شفٹ کئے گئے تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:38 PM - Fri
**Question # 1884**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ہری پور میں حالیہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے لیے کیا احتیاطی تدابیر کی گئی ہیں اور کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ نیز کس کس علاقہ میں سپرے کیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:40 PM - Fri
**Question # 1885**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ہری پور ڈی ایچ کیو ہسپتال کے لیے سال 2022 سے تاحال کتنی نئی مشینری خریدی گئی ہے ائٹم وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ مشینری کے لیے سال وائز کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ اس میں سے کتنا خرچ ہوا ہے اور کتنا باقی ہے؟

(ج) کیا خریدی گئی مشینری میں سے کتنی قابل استعمال میں ہے اور کتنی ناکارہ ہو چکی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:43 PM - Wed
**Question # 1922**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت دیگر صوبوں کی طرح اینٹی وینم ویکسین مقامی سطح پر تیار کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ اس اہم شعبے میں آج تک خود کفیل کیوں نہ ہو سکا؟ وجوہات بتایا جائے۔ نیز صوبہ اس معاملے میں کب تک خود کفیل ہو جائے گا؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:21 AM - Mon
**Question # 1927**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ بھر میں BHUs اور RHCs کی کل تعداد کتنی ہے؟ ان تمام BHUs اور RHCs میں صاف پانی اور ایمبولینس کی سہولت میسر ہے۔ الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:22 AM - Mon
**Question # 1932**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ مالی سال 25-2024 میں میڈیکل آلات جراحی کی خریداری کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوان کیلئے کتنافنڈ مختص کیاگیاتھا؟مختص شدہ فنڈمیں سے کتنافنڈ استعمال کیاگیا؟استعمال شدہ فنڈز کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 22, 2025 -- 12:01 PM - Mon
**Question # 1970**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور،بنوں،ڈیرہ اسماعیل خان اور ایبٹ آباد کے بڑے ہسپتالوں میں گزشتہ دوسال کے دوران دوائیوں یاطبی آلات کی قلت کے حوالے سے شکایات موصول ہوئی ہیں۔

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)ضلع وار اور ہسپتال وار موصول ہونے والی شکایات اوران پر کی گئی کاروائی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)صوبے کے ایسے بڑے ہسپتالوں میں آئندہ دوائیوں اور طبی آلات کی بروقت اور مسلسل فراہمی یقینی بنانے کیلئے کون کونسے مستقل اقدامات کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Dec 22, 2025 -- 12:02 PM - Mon
**Question # 1972**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں واقع کیٹگری وائز ہسپتالوں (ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو) میں دوائیوں اور طبی آلات کی فراہمی کیلئے الگ طریقہ کار موجود ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i) کیٹگری وائز ہسپتالوں کیلئے دوائیوں اور طبی آلات کیلئے مقررہ معیار اور طریقہ کار کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) بڑے ہسپتالوں اور کیٹگری وائز ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبی آلات کے حوالے سے یکساں نظام نافذ نہ ہونے کی وجوہات کی تفصیل بھی مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 06, 2026 -- 12:20 PM - Tue
**Question # 2015**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہِ کرم ایوان کو مطلع فرمائیں گے کہ :

(الف)موجودہ صوبائی حکومت نے سال 2024ء سے تاحال محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کے تحت ضلع خیبر کے لیے مجموعی طور پر کتنا ترقیاتی فنڈ مختص کیا ہے ؟

(ب) مختص شدہ فنڈز میں سے اب تک کتنا فنڈ جاری کیا گیا اور کتنا خرچ ہوا ہے ؟اس بابت مکمل اور تفصیلی معلومات ایوان کو فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:46 PM - Mon
**Question # 2052**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ضلع سطح کے ہسپتالوں اور بنیادی صحت مراکز(BHUs)میں ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف، ادویات اور تشخیصی سہولیات حکومت معیار کے مطابق مکمل دستیاب ہیں ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)سال 2024 تا 2026 تک ہر ضلع کی فزیکل ویریفیکیشن رپورٹ فراہم کی جائے۔

(ii)مریضوں کا بڑے شہروں کی طرف ریفر ہونا اب بھی کیوں معمول ہے؟اور اس کے باعث ہونے والی اموات اور مالی بوجھ کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jan 19, 2026 -- 05:00 PM - Mon
**Question # 2036**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلعی سطح پر دہشت گردی سے متعلق انکوائری، انٹیلی جنس کلیکشن اور تفتیش کے لیے سی ٹی ڈی کو کون سی جدید ٹیکنالوجی اور فرانزک سہولیات فراہم کی گئی ہیں؟

(ب) حکومت کی جانب سے اب تک صوبے میں دہشت گردی کے تدارک کے لیے کون سے عملی اقدامات کیے گئے ہیں اور ان کے قابل پیمائش نتائج کیا ہیں؟

(ج) آئندہ مالی سالوں میں سی ٹی ڈی کو تمام اضلاع تک توسیع دینے، افرادی قوت بڑھانے، جدید آلات فراہم کرنے اور دہشت گردی کے مستقل خاتمے کے لیے حکومت کا مستقبل کا لائحہ عمل کیا ہے؟

**Notice Date :** Jan 19, 2026 -- 05:01 PM - Mon
**Question # 2037**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (CTD) کا صوبائی ہیڈ کوارٹر کہاں قائم ہے، وہاں کون کون سے ونگز/یونٹس فعال ہیں، اور ہیڈ کوارٹر میں مجموعی طور پر کتنی افرادی قوت اور وسائل دستیاب ہیں؟

کیا سی ٹی ڈی صوبے کے تمام اضلاع میں ضلعی سطح پر قائم ہے؟ اگر نہیں تو کن اضلاع میں سی ٹی ڈی موجود نہیں اور اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(ب) جن اضلاع میں سی ٹی ڈی قائم ہے، وہاں دفاتر، تعینات اسٹاف، خالی اسامیوں، گاڑیوں، اسلحہ، مواصلاتی نظام اور دیگر ضروری آلات کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 150واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 2 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:25 PM - Mon
**Question # 1481**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ و قانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:48 AM - Tue
**Question # 1437**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:49 AM - Tue
**Question # 1507**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ محنت و افرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکرویلفئیر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1800**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ اس وقت محکمہ ھٰذا میں کل کتنے ملازمین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟ براہِ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ (Parent Department) میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟ نیز دیگر شرائط و قواعد و ضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1778**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محنت وافرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذامیں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)جوڈاکٹرز دوسال سے زائدایک ہی پوسٹ /پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ /چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیاہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)عرصہ دوسال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ/پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:01 PM - Mon
**Question # 1781**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری ومحاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نےG.C.Pچیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دوقدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے ناصرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو یہ مجسمے اب کہاں ہیں؟اور ملزمان کے خلاف کیاکاروائی ہوئی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:02 PM - Mon
**Question # 1789**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،جنگلات و ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ جنگلات/درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60افسران بھی ملوث ہیں؟

(د)اگر(الف)تا(ج)کے جوابات اثبات میں ہوتو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران/اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
**Question # 1795**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی وجنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو2013میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کاتناسب کیاتھااور 2024میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنارہ گیاہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
**Question # 1797**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 2024-25کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو محکمہ نے مالی سال 2024-25کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہواہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1865**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محاصل وآبکاری اور انسداد منشیات ازراہِ کرم یہ وضاحت فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور شہر میں ٹیکسیوں کی مجموعی تعداد کیا ہے؟ نیز ان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کے خلاف اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ اور کیا ان کے لیے کوئی ضابطہ اخلاق یا جامع پالیسی مرتب کی گئی ہے؟

(ج) بالعموم پشاور اور بالخصوص یونیورسٹی روڈ پر ان ٹیکسیوں کے باعث عوام کو پارکنگ کے مسائل اور ٹریفک جام کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے کون سے عملی اقدامات کیے ہیں؟

**Notice Date :** Nov 03, 2025 -- 10:31 AM - Mon
**Question # 1994**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) جنوری 2023 تا یکم نومبر 2025 ضلع کرک میں گیس، تیل، کوئلہ، چونا پتھر اور جپسم کی پیداوار سے صوبے کو کتنی رائلٹی ملی؟ ہر معدن کی رائلٹی کی حساب کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ان رائلٹی فنڈز میں سے ضلع کرک کیلئے کتنی رقم مختص ہوئی اور کتنی صوبائی مشترکہ فنڈز میں جمع کرائی گئی؟ ہر سال کی مختص شدہ رقم اور حقیقی اخراجات کی تفصیل بھی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

(ج) وصول شدہ رائلٹی کن منصوبوں ADP/District ADP وغیرہ پر خرچ ہوا؟ ہر منصوبے کا نام، PC-1 نمبر، کل لاگت، رائلٹی سے خرچ شدہ رقم، خرچ کی تاریخ اور موجودہ حیثیت (مکمل/زیر تکمیل) کی تفصیل بھی فراہم کی جائے

**Notice Date :** Nov 26, 2025 -- 09:23 AM - Wed
**Question # 1913**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 10, 2025 - Wed
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محنت وافرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبے میں رجسٹرڈ فیکٹریوں اور ان میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کیا ہے؟

(ب) فیکٹری ایکٹ 1934 کے تحت سیکورٹی، صفائی، صحت اور حفاظتی سامان (PPE) کی عدم فراہمی پر کتنی فیکٹریوں کو نوٹس جاری اور کتنے کارخانوں کے خلاف کارروائیاں ہوئی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے

**Notice Date :** Feb 23, 2026 -- 02:14 PM - Mon
**Question # 2080**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 01, 2026 - Wed
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اوقاف نے مالی سال 2024 تا 2025 کے دوران مختلف اقلیتی عبادت گاہوں کو پانچ پانچ لاکھ روپے کی گرانٹ فراہم کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ رقم کس طریقہ کار کے تحت اور کتنی عبادت گاہوں کو جاری کی گئی؟ جن اقلیتی عبادت گاہوں کو پانچ لاکھ روپے کی امدادی گرانٹ جاری کی گئی ان کے نام ضلع وار فراہم کئے جائیں۔

(ii) آیا مذکورہ ادائیگی نقد کی صورت میں کی گئی تھی یا چیک کے ذریعے اور اس رقم کے استعمال کے لیے محکمہ کی جانب سے کوئی ضابطہ کار یا ہدایات جاری کی گئی تھیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 23, 2026 -- 02:15 PM - Mon
**Question # 2082**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 13, 2026 - Mon
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیراوقاف،حج،مذہبی واقلیتی امورازراہِ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)کیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذاسکھ،ہندو،کیلاشی، مسیحی بھائی وغیرہ سے تعلق رکھنے والے مذہبی رہنماؤں،مثلاًپادری،پنڈت،ہیڈ گرنتھی، قاضی اور بھائی وغیرہ کوماہانہ یاسہ ماہی وظیفہ اداکررہاہے؟

(ب)اگرالف کاجواب مثبت میں ہوتوسال 2019 سے تاحال صوبے میں کتنے مذکورہ رہنماؤں کویہ وظیفہ دیاجارہاہےان اقلیتی مذہبی رہنماؤں کے نام،دی جانے والی ماہانہ یاسہ ماہی رقم،متعلقہ مندر،گوردوارہ،چرچ اور کیلاش کمیونٹی کے ناموں سمیت تحصیل واراور ضلع وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟نیزفی کس ادائیگی کی شرح کیاہےاورکب سے وظیفہ دیاجارہاہے تفصیل فراہم کیاجائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:44 PM - Mon
**Question # 2104**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرصنعت وحرفت اورفنی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ایایہ درست ہے کہ حکومت نے بیرونی سرمایہ کاری لانے کے لیے اقدامات کیے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو؟توکرپشن اوربیوروکریٹک رکاوٹوں کوکم کرنے کے لیے کیااصلاحات کی گی ہیں؟تفصیل فراہم کریں۔